فوری ریلیز کے لیے: 26/6/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے پوری ریاست میں اضافی معاونتی رہائش گاہوں کے یونٹس تیار کرنے کے لیے $45.9 ملین کی فنڈنگ کی دستیابی کا اعلان کیا

امپائر اسٹیٹ کا معاونتی ہاؤسنگ کا اقدام: فنڈنگ کا دسواں مرحلہ بے گھری کا سامنا کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کی مدد کرے گا

رہائش گاہوں کے یونٹس سابق فوجیوں، شدید ذہنی بیماری یا منشیات کے استعمال کی خرابی میں مبتلا افراد، گھریلو تشدد سے بچ جانے والے افراد اور معذوریوں کے حامل معمر بالغ افراد کے لیے مختص

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج امپائر اسٹیٹ کا معاونتی ہاؤسنگ کا اقدام (Empire State Supportive Housing Initiative)، یا 'ESSHI'، کے ذریعے $45.9 ملین کی دستیابی کا اعلان کیا، جو بے گھری کا سامنا کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کو مستحکم رہائش گاہیں فراہم کرنے میں مدد دینے والی معاونتی سروسز کے لیے فنڈنگ فراہم کرتا ہے۔ بے گھری کا سامنا کرنے والے بالغ افراد، گھریلو اور صنفی بنیاد پر تشدد سے بچ جانے والے افراد، سابق فوجیوں، طویل عرصے سے بے گھر فیملیز اور ذہنی بیماری یا منشیات کے استعمال کی خرابی کے ساتھ زندگی گزارنے والے افراد کے لیے سینکڑوں اضافی رہائش گاہوں کے یونٹس کی معاونت کے لیے فنڈنگ دستیاب ہے۔

"بے گھری کا سامنا کرنے والے افراد کے لیے معاونتی سروسز اور ایک مستحکم رہائش گاہ زندگی بدل دینے والی ثابت ہو سکتی ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "امپائر اسٹیٹ کا معاونتی ہاؤسنگ کا اقدام افراد کو معاونت سے منسلک ہونے اور محفوظ ماحول میں مشکلات سے بحالی حاصل کرنے میں مسلسل مدد فراہم کر رہا ہے۔"

ESSHI ایسے معاونتی سروسز فراہم کنندہ اداروں کو آپریٹنگ فنڈنگ فراہم کرتا ہے جو بے گھر سابق فوجیوں اور ان کی فیملیز؛ گھریلو اور صنفی بنیاد پر تشدد سے بچ جانے والے افراد؛ معذوری کے حامل یا کمزور صحت والے معمر بالغ افراد؛ قید، بے گھری یا رضاعی نگہداشت کی سابقہ تاریخ رکھنے والے نوجوان بالغ افراد؛ طویل عرصے سے بے گھر افراد اور فیملیز؛ ذہنی یا نشوونمائی معذوریوں کے حامل افراد؛ جیل سے رہائی کے بعد کمیونٹی میں دوبارہ شامل ہونے والے افراد؛ اور HIV یا AIDS، شدید ذہنی بیماری یا منشیات کے استعمال کی خرابیوں کے ساتھ زندگی گزارنے والے افراد کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ریاستی دفتر برائے ذہنی صحت (State Office of Mental Health) اس فنڈنگ سے خریداری کرنے والی اولین ایجنسی کا کردار ادا کرتا ہے، جس کو نیو یارک کے غیر محفوظ باشندوں کو خدمات فراہم کرنے والا آٹھ ریاستی ایجنسیوں پر مشتمل بین ایجنسی ورک گروپ تقسیم کرتا ہے۔

مالی سال FY 2027 کے نافذ کردہ بجٹ میں اس اقدام کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی مالی سال 2026 کی فنڈنگ میں 53 فیصد اضافے کو جاری رکھا گیا ہے، جس سے پروجیکٹس نیو یارک سٹی کے میٹروپولیٹن علاقے میں فی یونٹ یا اہل فرد کے لیے سالانہ $34,000 تک کی فنڈنگ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اس علاقے میں شہر کے پانچوں بوروز اور سافک، نساؤ، ویسٹ چیسٹر، راکلینڈ اور پٹنیم کاؤنٹیز شامل ہیں۔ ریاست کے دیگر علاقوں میں ترقیاتی کام فی یونٹ یا اہل فرد کے لیے سالانہ $31,000 تک کی فنڈنگ کے اہل ہیں۔

فنڈنگ میں اس اضافے کے نتیجے میں ریاست بھر کے پروجیکٹس کے لیے **200 مشروط ایوارڈز** جاری کیے گئے، جو اس اقدام کی جانب سے اب تک جاری کیے جانے والے ایوارڈز کی سب سے بڑی تعداد ہے، بشمول نیو یارک سٹی کے 54 پروجیکٹس، لانگ آئی لینڈ کے 21 پروجیکٹس، اور میٹروپولیٹن علاقے کے شمال میں واقع مقامات کے 126 پروجیکٹس۔ آج کی تاریخ تک، ریاست نیو یارک نے 2016 میں شروع کیے گئے امپائر اسٹیٹ کے معاونتی ہاؤسنگ کے اقدام کے تحت **11,657 محفوظ اور مستقل یونٹس** فراہم کرنے کا عزم کیا ہے۔

فنڈنگ کا استعمال کرائے میں معاونت اور خدمات کے لیے اہل ہدف آبادیوں کے لیے کیا جا سکتا ہے تاکہ ان کی رہائش کے استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔ جائز استعمال میں کرایے کی سبسڈیز اور رہائش سے متعلق دیگر اخراجات؛ ایسے اہل افراد کی شناخت اور تلاش کے لیے خدمات یا عملہ جنہیں رہائش گاہ کی ضرورت ہے؛ بنیادی اور رویہ جات سے متعلق صحت کی خدمات؛ ملازمت اور پیشہ ورانہ تربیت؛ تعلیمی معاونت، والدین کی مہارتوں کی ترقیاتی کام اور معاونت؛ بچوں کی نگہداشت میں معاونت، مشاورت اور بحرانی مداخلت؛ نگہداشت اطفال کے لیے خدمات، بشمول تعلیمی وکالت، معاونت اور مشاورت؛ اور ایسی خدمات سے وابستہ اخراجات شامل ہیں جو افراد اور فیملیز کو مستحکم طور پر اپنی رہائش گاہوں میں برقرار رہنے میں مدد دیتی ہیں۔

تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ مستقل معاونتی رہائش گاہ پناہ گاہوں، ہسپتال کے بستروں، ایمرجنسی رومز، جیلوں اور قید خانوں کی طلب کو کم کرتی ہے اور ملازمت، اسکول میں حاضری، نیز ذہنی اور جسمانی فلاح و بہبود پر مثبت اثر ڈالتی ہے۔ امدادی رہائشی منصوبے، نئی تعمیر یا موجودہ عمارتوں کی دوبارہ آباد کاری کے ذریعے بھی مثبت اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے ذہنی صحت کی کمشنر Dr. Ann Sullivan (ڈاکٹر این سلیوان) نے کہا، "باوقار اور مستحکم رہائش گاہ برقرار رکھنا اور معاونتی سروسز تک رسائی حاصل کرنا، ذہنی بیماری اور دیگر مشکلات کے ساتھ زندگی گزارنے والے افراد کی بحالی کا ایک اہم پہلو ہے۔ امپائر اسٹیٹ کا معاونتی ہاؤسنگ کا اقدام نیو یارک کے ہزاروں باشندوں کو یہ اہم معاونتی روابط فراہم کر چکا ہے جو تمام رہائشیوں کو اپنی کمیونٹی میں رہنے اور ترقی کرنے کے قابل بنانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے مسلسل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔"

ریاستی کمیشنر برائے صحت Dr. James McDonald (ڈاکٹر جیمز میکڈونلڈ) نے کہا، "ہر شخص ایک محفوظ جگہ کا مستحق ہے جسے وہ اپنا گھر کہہ سکے۔ میں نیو یارک بھر میں معاونتی رہائش گاہوں کو وسعت دینے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کے مسلسل عزم پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ مستحکم رہائش گاہ اچھی صحت کے لیے ضروری ہے اور یہ سرمایہ کاری ہمارے سب سے زیادہ کمزور نیو یارک کے باشندوں میں سے بعض کو زیادہ صحت مند اور محفوظ زندگی گزارنے کے لیے درکار معاونت اور سروسز تک رسائی حاصل کرنے میں مدد دے گی۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت (New York State Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کی کمشنر Barbara C. Guinn (باربرا سی گِن) نے کہا، "بے گھری کا سامنا کرنے والے افراد کو اکثر ایسی مشکلات درپیش ہوتی ہیں جو مستحکم رہائش گاہ حاصل کرنے اور اسے برقرار رکھنے کی ان کی صلاحیت میں شدید رکاوٹ بن سکتی ہیں۔ معاونتی رہائش گاہ، حسب استطاعت رہائش گاہ اور مضبوط سروسز کی فراہمی کے امتزاج کے ذریعے افراد کو رہائش گاہ حاصل کرنے اور اسے برقرار رکھنے کے قابل بنا کر بے گھری میں کمی لاتی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) امپائر اسٹیٹ کے معاونتی ہاؤسنگ کے اقدام کی اہمیت کو بے گھری میں کمی لانے اور ہمارے سب سے زیادہ کمزور ساتھی نیو یارک کے باشندوں کو نئی امید اور مواقع فراہم کرنے کی کوششوں کے ایک لازمی جزو کے طور پر تسلیم کرتی ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (New York State Division of Homes and Community Renewal) کی کمشنر RuthAnne Visnauskas (روتھ این وسناؤسکس) نے کہا، "نیو یارک میں ہمیں ضرورت مند افراد کی مدد کرنے اور حسب استطاعت گھروں کی فراہمی بڑھانے پر فخر ہے۔ بے گھری کا سامنا کرنے اور معاونتی سروسز کی ضرورت رکھنے والے افراد کے لیے مستحکم رہائش گاہ تلاش کرنا خاص طور پر مشکل ہو سکتا ہے۔ ہم بے حد شکر گزار ہیں کہ گورنر Hochul (ہوکل) امپائر اسٹیٹ کے معاونتی

ہاؤسنگ کے اقدام میں سرمایہ کاری کے ذریعے ان رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے کام کر رہی ہیں۔ 46$ ملین کی یہ مالی وابستگی اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دیتی ہے کہ نیو یارک کی رہائش گاہوں سے متعلق تاریخی سرمایہ کاریوں میں حالات سے قطع نظر سبھی کو شامل کیا جائے۔"

ریاست نیو یارک نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کا دفتر(New York State Office of Addiction Services and Supports) کی کمشنر Chinazo Cunningham (چینازو کننگھم) نے کہا، "اس نوعیت کی سرمایہ کاریاں ایسے افراد کی معاونت کرتی ہیں جنہیں منشیات کے استعمال کی خرابی جیسی وجوہات کے باعث رہائش گاہ سے متعلق اضافی مدد درکار ہوتی ہے جو ان کی بحالی کا ایک اہم حصہ ثابت ہو سکتی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے ریاست بھر میں رہائش گاہوں کے اختیارات کو وسعت دینے اور اس بات کو یقینی بنانے کو ترجیح دی ہے کہ نیو یارک کے تمام باشندوں کے پاس ایک محفوظ جگہ ہو جسے وہ اپنا گھر کہہ سکیں۔ ہم اس مسلسل معاونت پر شکر گزار ہیں اور ریاست بھر کی کمیونٹیز میں معاونتی رہائش گاہوں کے اختیارات میں مزید وسعت کے منتظر ہیں۔"

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے نشوونمائی معذوریوں کے شکار لوگ (New York State Office for People With Developmental Disabilities) کی کمشنر Willow Baer (ولو بیئر) نے کہا، "معذوریوں کے حامل نیو یارک کے باشندے حسب استطاعت اور محفوظ معاونتی رہائش گاہوں تک رسائی کے حقدار ہیں جو ان کی سماجی اور جسمانی فلاح و بہبود میں حقیقی فرق پیدا کر سکتی ہیں۔ امپائر اسٹیٹ کے معاونتی ہاؤسنگ کے اقدام میں گورنر Hochul (ہوکل) کی سرمایہ کاری صرف فنڈنگ ہی فراہم نہیں کر رہی بلکہ لوگوں کو اپنی کمیونٹیز میں وقار اور شمولیت کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقع بھی دے رہی ہے۔"

ریاست نیو یارک خانگی تشدد سے بچاؤ کے دفتر (New York State Office for the Prevention of Domestic Violence) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Kelli Nicholas Owens (کیلی نکولس اوونز) نے کہا، "محفوظ اور مستحکم رہائش گاہ گھریلو اور صنفی بنیاد پر تشدد سے بچ جانے والے افراد کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اکثر، تشدد کا سامنا کرنے والے افراد کو بدسلوکی پر مبنی صورتحال میں رہنے یا بے گھری کے خطرے کا سامنا کرنے میں سے کسی ایک ناقابلِ قبول انتخاب پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ امپائر اسٹیٹ کا معاونتی ہاؤسنگ کا اقدام تشدد سے بچ جانے والے افراد کو رہائش گاہ اور اہم سروسز سے منسلک کرنے میں مدد دیتا ہے، بشمول مشاورت، کیس مینجمنٹ اور دیگر معاونتیں، جو طویل مدتی تحفظ، استحکام اور بحالی کو فروغ دیتی ہیں۔ ہم نیو یارک کے باشندوں کے لیے ان اہم وسائل کو وسعت دینے کے مسلسل عزم پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

ریاست نیو یارک بچوں اور فیملی کی خدمات کا دفتر (New York State Office of Children and Family Services) کی کمشنر Dr. DaMia Harris-Madden (ڈاکٹر ڈیمیا ہیرس-میڈن) نے کہا، "معاونتی رہائش گاہ مشکل حالات سے دوچار اور رہائش گاہ حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کرنے والے افراد کے وقار اور امید کو بحال کرتی ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ اس نوعیت کے پروجیکٹس بہت سے نیو یارک کے باشندوں، خصوصاً ایسے بے گھر نوجوانوں کی زندگیوں میں کس قدر بڑی تبدیلی لاتے ہیں جو رضاعی نگہداشت کی عمر کی حد سے باہر ہو چکے ہیں یا ذہنی صحت کے مسائل سے نبرد آزما ہیں۔ امپائر اسٹیٹ کے معاونتی ہاؤسنگ کے اقدام میں گورنر Hochul (ہوکل) کی سرمایہ کاریاں ان کے حسب استطاعت ایجنڈے میں نیو یارک کے تمام باشندوں سمیت سبھی کو شامل کرنے کے عزم کو ظاہر کرتی ہیں۔ مجھے فخر ہے کہ وہ ایسے وسائل میں مسلسل سرمایہ کاری کر رہی ہیں جو نیو یارک کے سب سے زیادہ کمزور باشندوں کی جسمانی، ذہنی، نفسیاتی اور معاشی فلاح و بہبود کو فروغ دیتے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر Samra G. Brouk (سمرہ جی بروک) نے کہا، "نیو یارک کا ہر باشندہ محفوظ، مستحکم اور باوقار رہائش گاہ تک رسائی کا حقدار ہے۔ معاونتی رہائش گاہ ایک مضبوط ذہنی صحت کے نظام کی بنیاد ہے، جو لوگوں کو درکار سروسز سے منسلک کرتی ہے اور ایسا استحکام فراہم کرتی ہے جس سے بحالی ممکن ہوتی ہے۔ امپائر اسٹیٹ کے معاونتی ہاؤسنگ کے اقدام کے ذریعے یہ سرمایہ کاری بے گھری کا سامنا کرنے والے، ذہنی بیماری یا منشیات کے استعمال کی خرابیوں کے ساتھ زندگی گزارنے والے نیو یارک کے باشندوں، بشمول تشدد سے بچ جانے والے افراد، سابق فوجیوں اور دیگر کمزور کمیونٹیز، کے لیے رہائش گاہوں اور معاونتی سروسز تک رسائی کو وسعت دے گی۔ میں معاونتی رہائش گاہوں کو مسلسل ترجیح دینے پر گورنر Hochul (ہوکل) کی شکر گزار ہوں اور اس بات کو

یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کرنے کی منتظر ہوں کہ نیو یارک کے ہر باشندے کو استحکام، وقار اور امید کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقع حاصل ہو۔"

نیو یارک کے معاونتی ہاؤسنگ نیٹ ورک (Supportive Housing Network of New York) کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Pascale Leone (پاسکال لیون) نے کہا، "معاونتی رہائش گاہ بے گھری سے نمٹنے کے لیے ہمارے مؤثر ترین ذرائع میں سے ایک ہے کیونکہ یہ مستحکم اور حسب استطاعت رہائش گاہ کو ان سروسز کے ساتھ یکجا کرتی ہے جن کی لوگوں کو ترقی کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔ ESSHI کی فنڈنگ کا یہ نیا مرحلہ، جو پروگرام میں گورنر Hochul (ہوکل) کی تاریخی سرمایہ کاری سے ممکن ہوا ہے، سینکڑوں اضافی معاونتی رہائش گاہوں کے یونٹس کو فعال کرنے میں مدد دے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ فراہم کنندہ کے پاس وہ اہم سروسز فراہم کرنے کے لیے درکار وسائل موجود ہوں جو ان رہائش گاہوں کو کامیاب بناتی ہیں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور مقننہ میں اپنے شراکت داروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ معاونتی رہائش گاہوں میں سرمایہ کاری نیو یارک بھر میں بے گھری کے دیرپا حل پیدا کرتی ہے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں